Ministry for Ethnic Communities
Te Tari Mātāwaka

سرکاری خدمات کو کال کرتے وقت زبان کی معاونتی خدمات

اگر آپ کسی سرکاری ایجنسی کو کال کر رہے ہیں اور آپ کو زبان میں مدد کی ضرورت ہے تو ایک زبانی مترجم طلب کریں۔
اس بات کو یقینی بنانا سرکاری ایجنسی کی ذمہ داری ہے کہ اس کی خدمات قابل رسائی ہوں۔
اس میں عوام کو پیشہ ور زبانی مترجمین کی **مفت** فراہمی بھی شامل ہے۔

زبانی مترجم حاصل کرنے کا طریقہ

1. سرکاری ادارے کو کال کریں۔
2. ایک مترجم طلب کریں اور فون پر موجود شخص کو وہ زبان بتائیں جو آپ بولتے ہیں۔ آپ کو انگریزی میں پوچھنے کی ضرورت ہوگی، اس لیے کال کرنے سے پہلے لفظ 'interpreter' (انٹرپریٹر) اور اپنی زبان کا انگریزی نام کہنے کی مشق کریں۔
3. آپ کو انتظار کرنے کے لیے کہا جائے گا۔ فون پر رہیں - اسے بند **نہ** کریں۔
4. اگر ایک پیشہ ور مترجم دستیاب ہوا تو وہ آپ کی مدد کے لیے کال میں شامل ہو جائے گا۔ حکومتی ایجنسیوں کو کچھ زبانوں کے لیے مترجمین پہلے سے بک کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

اگر آپ کو روبرو یا ویڈیو کانفرنس میٹنگ کے لیے ایک مترجم کی ضرورت ہے تو ایجنسی کو پہلے ہی ای میل کر دیں تاکہ مترجم کی موجودگی کو یقینی بنایا جا سکے۔

بہت ساری سرکاری ایجنسیاں اور کونسلیں آپ کو زبانی ترجمے میں معاونت کے لیے مدد فراہم کر سکتی ہیں۔ مکمل فہرست یہاں موجود ہے:
www.mbie.govt.nz/language-assistance-services/participating-agencies

اگر ترجمے کی سرکاری خدمات تک رسائی کے حوالے سے آپ کے کوئی سوالات یا خدشات ہیں تو ہمیں **info@ethniccommunities.govt.nz** پر ای میل کریں۔

Urdu